ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس

فون 99212639

سال 2013ء 24392 چھاپے، 1423 پولیس مقابلے، 179 ملزمان ہلاک، 41676 ملزمان گرفتار، اسلحہ برآمد

کراچی 06 جنوری 2014ء۔ کراچی پولیس نے سال 2013 کے دوران قتل، اغوا برائے تاوان، ڈکیتی رہزنی، بھتہ، ٹارگٹ کلنگ کی وارداتوں و دیگر سنگین جرائم میں ملوث اکتالیس ہزار چھ سو چھہتر (41676) ملزمان کو گرفتار کرکے بھاری مقدار میں اسلحہ وغیرہ برآمد کیا جبکہ انسداد جرائم کے ضمن میں کی جانیوالی چوبیس ہزار تین سو بانوے (24392) چھاپہ مار کارروائیوں اور اس کے نتیجے میں مختلف مقامات پر ملزمان سے دوبدو فائرنگ/ ایک ہزار چار سو تئیس (1423) پولیس مقابلوں میں 24 اغوا کاروں، 02 بھتہ خوروں سمیت ایک سو اناسی (179) پولیس کی جوابی فائرنگ میں ہلاک ہوئے۔

آئی جی سندھ شاہد ندیم بلوچ کو یکم جنوری تا 31 دسمبر 2013ء پر مشتمل کارکردگی رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ محکمانہ فرائض کی بجاآوری میں کراچی پولیس کے دو ڈی ایس پی، چار انسپکٹرز، پندرہ سب انسپکٹرز، انیس اسسٹنٹ سب انسپکٹرز، تینتیس (33) ہیڈ کانسٹیبلز اور ترانوے کانسٹیبلز سمیت مجموعی طور پر ایک سو چھیاسٹھ (166) پولیس اہلکاروں نے اپنی جانیں قربان کیں اور جام شہادت نوش کیا۔ جبکہ 200 پولیس اہلکار زخمی ہوئے جن میں علی الترتیب ایک ایک ایس پی، ڈی ایس پی، انسپکٹر کے علاوہ اکیس سب انسپکٹرز، چھبیس اے ایس آئی، پینتیس (35) ہیڈ کانسٹیبلز اور ایک سو پندرہ (115) کانسٹیبلز شامل ہیں۔

رپورٹ کی تفصیلات کے مطابق مذکورہ چھاپوں اور پولیس مقابلوں میں شہر کے مختلف علاقوں سے 8403 مفرور، 812 اشتہاری ملزمان، 656 ڈکوؤں کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرنیکے علاوہ 173 بھتہ خوروں 73 اغوا کاروں جبکہ قتل کیس کے 636 اور ڈکیتی رہزنی و جرائم کی دیگر وارداتوں میں ملوث 30923 ملزمان سمیت مجموعی طور پر 41676 ملزمان کو گرفتار کرکے مختلف نوعیت کے 7296 ہتھیار اور 252 ہینڈ گرینیڈز/ دستی بم برآمد کیے۔